Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

سائفر کیس میں تحریک انصاف نے ایف آئی اے کی جانب سے عدالت میں جمع کرائے گئے چالان کو یکسر مسترد کردیا:

چیئرمین تحریک انصاف عمران خان و وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کے خلاف جمع کرایا گیا چالان سائفر کے جعلی اور بوگس مقدمے کی طرح بے معنی اور بے وقعت ہے، یہ حقیقت ہے کہ سائفر اپنی اصلی حالت میں آج بھی دفتر خارجہ میں موجود ہے جو کہ سابق وزیر اعظم پر لگائے گئے الزامات کو بے بنیاد ثابت کرتا ہے،

سائفر کو وفاقی کابینہ نے اپنے اختیارات کے تحت ڈی کلاسیفائی کیا جس کے بعد آفیشل سیکرٹس ایکٹ کو لاگو نہیں کیا جا سکتا اور یہ مقدمہ اپنی موت آپ مر جاتا ہے،

چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے بارہا سائفر کی آزادانہ اور غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا جس کیلئے چیف جسٹس اور صدر مملکت کو خطوط بھی ارسال کیے گئے لیکن آج تک کوئی پیش رفت نہ ہو سکی،

جیل میں خفیہ ٹرائل سے لر کر سائفر کیس کی عدالتی کارروائی کو بلاجواز ملتوی کرنے تک بے انصافی کی نئی روایات قائم کی گئی ہیں،

ایک بے بنیاد مقدمے کی غیر قانونی کارروائی کے نتیجے میں سنائے جانے والے کسی فیصلے کی قانونی حیثیت ہو گی نہ ہی قوم اسے قبول کرے گی،

انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے سائفر کی تحقیقات کیلئے ایک آزادانہ اور منصفانہ جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا جائے اور اصل حقائق قوم کے سامنے لائے جائیں۔

ترجمان تحریک انصاف